NEWSLETTER

Feb 2026

Lajna ima,illah Finland

Volume 8 Issue 18

قرآن

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۹﴾

اور ہر ایک کے لئے ایک مطمحِ نظر ہے جس کی طرف وہ منہ پھیرتا ہے۔ پس نیکیوں میں ایک دوسرے پر سبقت لے جاؤ۔ تم جہاں کہیں بھی ہوگے اللہ تمہیں اکٹھا کر کے لے آئے گا۔ یقیناً اللہ ہر چیز پر جسے وہ چاہے دائمی قدرت رکھتا ہے۔

And every one has a goal which dominates him; vie, then, with one another in good works. Wherever you be, Allah will bring you all together. Surely, Allah has the power to do all that He wills

Al Baqarah 149

حدیث

عَنْ عَائِشَةَ۔ رضی اللہ عنہا۔ أَنَّهَا حَدَّثَتْهُ قَالَتْ، لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَصُومُ شَهْرًا أَكْثَرَ مِنْ شَعْبَانَ، فَإِنَّهُ كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ، وَكَانَ يَقُولُ خُذُوا مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيقُونَ، فَإِنَّ اللَّهَ لاَ يَمَلُّ حَتَّى تَمَلُّوا، وَأَحَبُّ الصَّلاَةِ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم مَا دُووِمَ عَلَيْهِ، وَإِنْ قَلَّتْ وَكَانَ إِذَا صَلَّى صَلاَةً دَاوَمَ عَلَيْهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان سے زیادہ اور کسی مہینہ میں روزے نہیں رکھتے تھے، شعبان کے پورے دنوں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ سے رہتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ عمل وہی اختیار کرو جس کی تم میں طاقت ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ (ثواب دینے سے) نہیں تھکتا۔ تم خود ہی اکتا جاؤ گے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز کو سب سے زیادہ پسند فرماتے جس پر ہمیشگی اختیار کی جائے خواہ کم ہی کیوں نہ ہو۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نماز شروع کرتے تو اسے ہمیشہ پڑھتے تھے۔

Hazrat Aishahra related"The Prophet sa did not fast in any month more than in Sha'ban; indeed, he would fast virtually the entire month. He used to say: 'Practise deeds in a measure you can sustain, for Allah never wearies until you yourselves grow weary.' The most beloved salat to the Prophetsa was that which was observed regularly, even if it was little, and whenever he performed a voluntary prayer, he would maintain it continually

(Sahih al-Bukhari, Kitab as-sawm, Bab sawmi sha'ban, Hadith 1970)

ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: نماز تہجد کا التزام کریں۔ پھر اس تیسری شرط میں یہ ہے کہ نماز تہجد پڑھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا۔ (سورۃ بنی اسرائیل آیت 80)
اور رات کے ایک حصہ میں بھی اس (قرآن) کے ساتھ تہجّد پڑھا کر۔ یہ تیرے لئے نفل کے طور پر ہوگا۔ قریب ہے کہ تیرا ربّ تجھے مقامِ محمود پر فائز کردے۔ حضرت بلالؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: تمہیں نماز تہجد کا التزام کرنا چاہئے کیونکہ یہ گزشتہ صالحین کا طریقہ رہا ہے اور قربِ الٰہی کا ذریعہ ہے۔ یہ عادت گناہوں سے روکتی ہے، برائیوں کو ختم کرتی ہے اور جسمانی بیماریوں سے بچاتی ہے۔ (سنن ترمذی۔ کتاب الدعوات۔ باب فی دعاء النبیؐ ﷺ)۔ بہت سارے لوگ دعاؤں کے لئے لکھتے ہیں۔ خود بھی اس طریق پر عمل کریں تو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش بھی نازل ہوتے دیکھیں۔

الفضل انٹرنیشنل 5 مئی 2020ء

Tarbiyat Activities Report

Alhamdulillah, the month of February was filled with beneficial and faith-inspiring activities for our Lajna .and Nasirat

At the beginning of the month, Ramadan posters were shared to help members spiritually prepare for the blessed month. In addition, informative posters highlighting the etiquettes of Friday prayers and the etiquettes of the mosque were shared, serving as helpful reminders for all members and their families.

Lajnat were also encouraged to regularly recite the prescribed prayers as advised by our Beloved Huzoor, Mirza Masroor Ahmad (aba). Members were reminded to incorporate these prayers into their daily routines to strengthen their connection with Allah and seek His blessings.

An article explaining why Valentine's Day should not be celebrated, from an Islamic perspective, was also shared on the Lajna Ima'illah WhatsApp group. This provided guidance and clarity, particularly for younger members, on maintaining Islamic values in contemporary society.

Furthermore, Jalsa Yaum-e-Musleh Maud was held on 21st February in commemoration of the prophecy of Mirza Ghulam Ahmad (as), the Promised Messiah and Mahdi. The event was well attended, and Lajna actively participated through speeches, presentations, and recitations, making the programme both engaging and spiritually uplifting.

May Allah bless these efforts and enable us to continue striving in His cause. Ameen.

الحمدللہ ماہِ فروری میں لجنہ اماء اللہ اور ناصرات کے لیے بابرکت اور مفید سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔

ماہ کے آغاز میں رمضان المبارک کی تیاری کے لیے خصوصی رمضان پوسٹرز شیئر کیے گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ نمازِ جمعہ کے آداب اور مسجد کے آداب سے متعلق پوسٹرز بھی شئیر کیے گئے تاکہ تمام ممبران اور ان کے اہلِ خانہ کو اسلامی تعلیمات کی یاددہانی ہو سکے۔

لجنات کو پیارے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز، کی ہدایت کے مطابق مسنون دعاؤں کی باقاعدگی سے تلاوت کی بھی ترغیب دی گئی، تاکہ اللہ تعالیٰ سے مضبوط تعلق قائم ہو اور روحانی ترقی حاصل ہو۔

مزید برآں ویلنٹائن ڈے کے حوالے سے ایک مضمون، جس میں اسلامی نقطۂ نظر سے اس دن کو نہ منانے کی وضاحت کی گئی تھی، لجنہ اماء اللہ کے واٹس ایپ گروپ میں شیئر کیا گیا۔ اس کا مقصد خصوصاً نوجوان نسل کی راہنمائی کرنا تھا تاکہ وہ اپنی اسلامی اقدار کو مقدم رکھیں۔

اسی طرح 21 فروری کو جلسہ یومِ مصلح موعود کا انعقاد کیا گیا، جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیشگوئی کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ اس پروگرام میں لجنہ، ناصرات اور بچوں نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام نہایت روح پرور اور کامیاب رہا۔

اللہ تعالیٰ ان تمام کوششوں کو قبول فرمائے اور ہمیں آئندہ بھی دین کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

Tarbiyat Department
Rehana Kokab

شعبہ صحت وجسمانی رپورٹ

شعبہ صحت وجسمانی کے تحت لجنہ اماءاللہ کے واٹس ایپ گروپ میں رمضان المبارک کے دوران روزے کی اہمیت اور افادیت سے متعلق آگاہی پوسٹرز شیئر کیے گئے۔ان پوسٹرز میں روزے کے روحانی وجسمانی فوائد کے ساتھ ساتھ رمضان میں صحت بخش غذا کے استعمال کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی گئی،تاکہ ممبران عبادت کے ساتھ اپنی صحت کا بھی بھرپور خیال رکھ سکیں۔

Under the Department of Fitness and Health, informative posters were shared on the Lajna WhatsApp group highlighting the importance and significance of fasting during Ramadan. The posters also emphasized the benefits of maintaining a healthy diet during the blessed month, encouraging members to take care of their physical well-being alongside their spiritual growth.





Department of Health and Fitness
Shazia Qayoom

Department of Khidmat-e-Khalq Report

Under the Department of Khidmat-e-Khalq, Ramadan target posters were shared on the Lajna WhatsApp group outlining weekly goals for members. These targets were designed to encourage acts of service, kindness, and community support throughout the blessed month, helping Lajnat actively engage in the spirit of compassion and .selflessness during Ramadan





Ramadan Targets

بسم الله الرحمن الرحيم

Ramadan Targets

- Complete one cycle of the Holy Quran, with or without translation.
- Listen to all morning and evening Dars.
- Offer 2 Nawafil before Sehri.
- Pray all 5 prayers on time.
- Pray Tarawih.

Once you have completed any of the targets mentionned above, please inform Secretary Taleem of your Majlis.

LAJNA IMA'ILLAH
SUOMI, FINLAND
Women's auxiliary organisation of
The Ahmadiyya Muslim Community

Event Calender Lajna Imailla & Nasirat-ul-Ahmadiya

March 2026

07 March	National Aamla Meeting
14 March	Jalsa Yaume Maseeh-e-Maud
20 March	Eid-ul-Fitar
26-29 March	UK Visit - Lajna & Nasirat
28 March	Mulakat with Hazoor-(UK)

Dars - Until 29 Ramadan

Dars-ul-Hadees - Sehri Time

Dars-ul-Quran - Aftaar Time